LEGISLATIVE ASSEMBLY OF AZAD JAMMU & KASHMIR

قانون ساز اسمبلی آزاد جموں و کشمیر
سیکرٹریٹ

☆☆☆

ٹینڈر نوٹس خرید اسٹیشنری برائے مالی سال 23-2022ء

قانون ساز اسمبلی سیکرٹریٹ آزاد جموں وکشمیر، مظفرآباد کو مالی سال 23-2022ء کے دوران سامان اسٹیشنری، ٹونرز، پرنٹرز، فلیش ڈرائیو وغیرہ کی خرید کے لئے مقامی انکم ٹیکس/سیلز ٹیکس رجسٹرڈ سپلائرز/فراہم ہاء سے سربمہر ٹینڈرز Single stage, two envelop کی بنیاد پر مطلوب ہیں۔ جو مورخہ 30 اگست 2022ء بوقت 11:00 بجے دن تک زیر دستخطی کے دفتر میں پہنچ جانی چاہیں۔ مقررہ وقت کے بعد کوئی بھی ٹینڈر/کوٹیشن وصول نہیں کی جائے گی۔ ٹینڈر اسی روز کوٹیشنز دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں بوقت 11:30 بجے دن کھولے جائیں گے۔

(1) سیلز ٹیکس/انکم ٹیکس ڈیپارٹمنٹ میں باقاعدہ رجسٹرڈ سپلائرز/اسٹیشنرز کوٹیشنز دینے کے اہل ہونگے اور کوٹیشن پر اپنا N.T.N اور G.S.T نمبر درج کرنا لازمی ہوگا۔

(2) 30 اگست 2022ء سے قبل اسٹیشنری اشیاء کی فہرست و نمونہ جات سیکرٹریٹ ہذا کے شعبہ اسٹیشنری سے دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کیئے جا سکتے ہیں۔ بمطابق فہرست ہر آئیٹم کے الگ نرخ دینا ہونگے۔

(3) تمام اشیاء کے نرخ بشمول جنرل سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس، کشمیر لبریشن سیس اور تجوید القرآن ٹرسٹ فنڈز نیز جملہ رائج الوقت ٹیکسز درج کیئے جائیں۔

(4) ٹینڈر میں دیئے گئے انراخ بمطابق PPRA رولز ایک سال (یکم جولائی 2022ء تا 30 جون 2023) تک لاگو ہونگے۔ نیز کامیاب ٹینڈر دہندہ دیئے گئے نرخ کے مطابق مقررہ مدت کے لئے کوالٹی میں کمی وبیشی کیئے بغیر مال سپلائی کرنے کا پابند ہوگا۔

(5) کوٹیشن کے ہمراہ Bid price کے تین فیصد کے برابر کسی بھی شیڈول بینک کی کال ڈیپازٹ شامل کرنی ہوگی۔ بدوں کال ڈیپازٹ کوئی کوٹیشن قابل قبول نہ ہوگی۔

(6) دفتر ہذا کی طرف سے مرتب شدہ اشیاء اسٹیشنری کی فہرست میں درج جملہ اشیاء کے نرخ دینا ہونگے۔ صرف چند مخصوص اشیاء کے نرخ کی حامل کوٹیشن اور نامکمل /مشروط ٹینڈر قابل قبول نہ ہونگے۔

(7) منظور شدہ انراخ کی بنیاد پر دوران سال پیپرا رولز کے مطابق سامان میں کمی بیشی کی جاسکتی ہے۔ ڈیمانڈ کے مطابق عدم فراہمی اسٹیشنری یا مطلوبہ معیار سے ہٹ کر اشیاء سپلائی کی صورت میں کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کرتے ہوئے سپلائی آرڈر منسوخ کر دیا جائیگا۔

(8) سپلائی آرڈر جاری ہونے کے بعد متعلقہ فرم بل کے ساتھ G.S.T انوائس فراہم کرے گی جس سے سیلز ٹیکس رولز کے مطابق G.S.T 1.5% کی رقم (With held) کرتے ہوئے فرم کو ادائیگی ہوگی جس کے بعد جی ایس ٹی کی بقیہ 80% رقم (انوائس کے مطابق) کا ریٹرن چالان اسٹیٹ بینک آف پاکستان (مظفرآباد) میں اندر 15 ایام جمع کروانے کے بعد متعلقہ فرم دستاویزی ثبوت ادارہ کو بھی فراہم کرنے کی پابند ہوگی۔

(9) کوٹیشن دہندہ فرم مستحکم اور اس کا اپنا سٹور یا دوکان بھی ہونی چاہیے۔ نیز بلیک لسٹ فرمز Bidding میں شامل ہونے کی اہل نہ ہونگی۔

(10) پیپرا رولز کی شق نمبر 36(b) کے تحت Single stage, two envelop پروسیجر کی بنیاد پر ایک package میں، ایک لفافے میں Technical proposal اور دوسرے لفافے میں Financial Proposal شامل ہونی چاہیں۔ نیز ہر Envelop پر Technical proposal اور Financial proposal کے الفاظ واضح طور پر درج ہونے چاہیے۔

(11) جناب سیکرٹری/مجاز اتھارٹی کو ایک یا جملہ کوٹیشنز پیپرا رولز کی شق نمبر 33(1) کے تحت منظور یا مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

(12) اشتہار AJK پیپرا کی ویب سائیٹ (www.ajkppra.gov.pk) پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

(13) اس حوالہ سے مزید تفصیلات اسمبلی سیکرٹریٹ کی ویب سائٹ (www.ajkassembly.gok.pk) پر ملاحظہ اور Download بھی کی جاسکتی ہیں۔

(14) درج بالا کسی بھی شرط پر پورا نہ اترنے کی صورت میں متعلقہ فرم کے خلاف PPRA Rules کی شق نمبر (18,19) کے مطابق ادارہ کو کارروائی کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

12/08/2022

اسسٹنٹ سیکرٹری (انتظامیہ)

(عرفان ریاض)

E/Uudu/Tander Notic